www.understandquran.com

اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

کتاب کاحاصل (outcome): ان شاءاللہ اس کتاب ’’آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے - تجوید اور روانی کے ساتھ‘‘ کا مقصد یہ ہے کہ طالب علم قرآن مجید کو روانی کے ساتھ اور تجوید کی رعایت کرتے ہوئے اس طرح پڑھنا شروع کر دے کہ خود پڑھنے والا اور سننے والا جو کچھ پڑھا جارہا ہے اسے سمجھ سکے۔

یعنی اس کتاب کو پڑھنے کے بعد ان شاءاللہ طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ہر حرف کا مخرج اور اس کی صفات جان لیں، نیز ضرورت پڑنے پر تجوید کے قواعد کو ملحوظ رکھتے ہوئے الفاظ کو ملا کر پڑھ سکیں۔
- رکنے اور دوبارہ شروع کرنے (وقف وابتداء) کے قواعد کو جان لیں۔
- بار بار آنے والے الفاظ کی ایک بڑی تعداد سے مانوس ہو جائیں، تا کہ روانی کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔

یہ کتاب انہیں پڑھائی جاسکتی ہے جو ’’آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ‘‘ (حصہ اول ودوم) پڑھ چکے ہیں یا تجوید کا کوئی اور کورس مکمل کر چکے ہیں۔

یہ کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے:

- حصہ اول: ’’آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے - تجوید اور روانی کے ساتھ‘‘
- حصہ دوم: ’’آؤ قرآن سمجھیں - آسان طریقے سے‘‘ (سورۂ فاتحہ مع لفظی ترجمہ ومختصر تشریح)
- حصہ سوم: بنیادی عربی گرامر اور عربی بول چال
- حصہ چہارم: اسلامیات

حصہ اول: سبق: **1** تا سبق: **20** میں ’’آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے - تجوید اور روانی کے ساتھ‘‘ موجود ہے۔

ان اسباق سے متعلق ٹیچرز گائڈ میں قرآن لیب کو استعمال کرنے کی سرگرمیاں **(activities)** دی گئی ہیں۔ یہ سرگرمیاں مواد کو بہتر طریقے پر سکھاتی ہیں اور سیکھے گئے مواد کو پختہ کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

حصہ دوم: سبق: **21** تا سبق: **28** ’’آؤ قرآن سمجھیں - آسان طریقے سے‘‘ (سورۂ فاتحہ) پر مشتمل ہے۔ اس حصہ میں عربی الفاظ لفظی ترجمہ کے ساتھ سکھائے گئے ہیں، نیز سورۂ فاتحہ کی مختصر اور جامع تشریح بھی دی گئی ہے۔

حصہ سوم: سبق: **29** تا سبق: **40** میں بنیادی عربی گرامر اور عربی بول چال موجود ہیں۔ واضح رہے کہ اس حصہ کی تدریس تعاملی انداز پر ہوگی۔ اس میں مکمل جسمانی تعامل یعنی (Total Physical Interaction) TPI کے طریقے استعمال کیے جائیں گے۔ اس طرز پر پڑھانے سے طلبہ سیکھنے کے عمل میں یقینی طور پر مشغول رہتے ہیں اور عربی زبان کے استعمال کو بہتر طور پر سیکھتے ہیں۔

حصہ چہارم: اس حصہ میں اسلامی تعلیمات پر مشتمل آسان اسباق ہیں، ہر سبق میں عقائد، دعا، حدیث، اخلاق اور سیرت کے ایسے مضامین منتخب کیے گئے ہیں جو سمجھنے کے اعتبار سے آسان ہوں اور طلبہ کی روزانہ کی زندگی سے متعلق ہوں۔

کورس کی ترتیب وتنظیم:

1. اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے ہفتہ بھر میں کم از کم چار تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2. بہتر یہ ہے کہ انڈر اسٹینڈ قرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر یہ کورس پڑھائے۔ ٹیچر ٹریننگ کی سند کے تعلق سے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
3. یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔
4. یہ کورس ٹیکسٹ بک، ورک بک، پریزینٹیشن، ویڈیوز، پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5. سیکھنے کے عمل کو بڑھانے اور طلبہ کو مشغول رکھنے کے لیے قرآن لیب کی سرگرمیاں (activities) اس نصاب کا حصہ ہیں۔
6. مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: **www.understandquran.com/teacher_resources.html**

سالانہ شیڈول کا نمونہ: **(4 پیریڈ/ ہر ہفتہ - مجموعی طور پر 120 پیریڈ)**

حصہ اول میں ہر ہفتہ میں اور ہر سبق کے لیے چار پیریڈ مطلوب ہیں۔ اس میں تمام تر توجہ طلبہ کے بصری وصوتی ذخیرۂ الفاظ پر ہو۔ ابتدائی طور پر قواعد تجوید کے اطلاق اور الفاظ کو ملا کر پڑھنے پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہوگی، بعد میں جیسے جیسے مشق زیادہ ہوگی ویسے ویسے روانی پیدا ہوتی جائے گی۔ مجموعی پیریڈ: **82**

حصہ دوم: سورۂ فاتحہ میں **8** اسباق ہیں۔ (دو پیریڈ اعادہ کے ہوں گے) مجموعی پیریڈ: **10**

حصہ سوم: بنیادی عربی گرامر اور عربی بول چال میں **12** اسباق ہیں۔ مجموعی پیریڈ: **12**

حصہ چہارم: اسلامیات (**8** اسباق - ہر سبق کے لیے **2** پیریڈ) مجموعی پیریڈ: **16**